© rasailojaraid.com



مرتب کیا ہے۔ جس میں تولید چاند، چاند دیکھنے کا آسان طریقہ، چاند نظر نہ آنے کی وجوہات جیسے موضوعات پر قلم اٹھایا ہے۔ بلاشبہ اپنے موضوع کے مضامین پر احتواء کے اعتبار سے یہ ایک جامع و مستند کتاب ہے۔ الحمد للہ اس سلسلے میں سب سے پہلا قدم دارالعلوم حقانیہ نے اٹھایا ہے۔ اور الحق میں اس موضوع پر کئی مضامین آتے ہیں۔ اور آئندہ اسی موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار منعقد کرانے کا پروگرام بھی زیر غور ہے۔

---

نام کتاب : یاساری الجبل کیا دجال کی آمد آمد ہے مولف : اسرار عالم

ضخامت : ۹۶ صفحات قیمت : درج نہیں ناشر : دارالعلم نئی دھلی۔ (انڈیا)

زیر تبصرہ مختصر مگر جامع کتاب جناب اسرار عالم صاحب کی تالیف ہے جس میں آپ نے انتہائی عرق ریزی اور دیدہ وری سے قرآن واحادیث مبارکہ کی روشنی میں امت مسلمہ کی موجودہ صورت حال کا گہرائی سے جائزہ لیا ہے۔ چنانچہ آپ کتاب کے پیش لفظ میں رقمطراز ہیں۔ اس اندوہناک صورت حال سے زیادہ کرب کی بات یہ ہے کہ امت مسلمہ جو دنیا کا وہ واحد گروہ ہے جسے ماضی حال اور مستقبل کا کافی علم دیا گیا۔ آج حیران اور ناواقف راہ پر بھٹک رہی ہے۔ اور دنیا کی تاریکیوں سے روشنی کی بھیک مانگ رہی ہے۔ چودہ صدیوں بعد اب آثار قیامت ظاہر ہونے کی رفتار تیز تر ہوتی ہوئی محسوس ہوتی ہے گویا کوئی ہار ٹوٹ جائے اور یکے بعد دیگرے دانے گرنے لگیں۔ ان حالات کا تقاضا تھا کہ قرآن واحادیث مبارکہ کی روشنی میں امت کی صورت حال کا گہرائی سے جائزہ لیا جاتا۔ موجودہ حالات کی تبدیلی کو صحیح زاویہ سے دیکھا جاتا اور آئندہ کیلئے خطوط کار کی نشاندھی کی جاتی تاکہ یہ امت اپنے فرض منصبی کو کما حقہ' سرانجام دے اور پوری انسانیت کو کامیابی سے ہمکنار کرے چنانچہ انہیں امور کو پیش نظر رکھ کر یہ سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ جسمیں مختلف عناوین کے تحت بحث کی گئی ہے۔ مصنف اس سے پہلے کئی دقیع اور معلومات آفریں کتابیں تصیف کر چکے ہیں۔ جو کہ اپنے موضوع کے لحاظ سے انتہائی اہم ہیں۔ مثلاً ''اسلام اور اکیسویں صدی کا چیلنج'' ''عالم اسلام کی سیاسی صورت حال'' وغیرہ۔ انتہائی اہم تصانیف ہیں اور عالم اسلام کی مجموعی صورتِ حال سے اپنے آپ کو باخبر رکھنے کیلئے انکا مطالعہ انتہائی ضروری ہے۔

:--------☆☆☆--------:

© rasailojaraid.com